# اودھ نامہ

## صاف چھپتے بھی نہیں سامنے آتے بھی نہیں

ایمنسٹی انٹرنیشنل انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی ایک عالمی اور غیر سرکاری تنظیم ہے۔ یہ تنظیم یا ادارہ 1961ء میں لندن میں قائم کیا گیا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کرنا اور متاثرہ افراد کے حقوق کے لیے آواز اٹھانا ہے۔ یہ تنظیم ہر سال مختلف ممالک میں انسانی حقوق کی صورتحال، پولیس تشدد، اظہارِ رائے کی آزادی اور جنگی جرائم پر تفصیلی رپورٹس جاری کرتی ہے۔ یہ تنظیم سزائے موت کے خاتمے اور ناانصافیوں کے خلاف عالمی سطح پر مہمات چلاتی ہے۔ نیز یہ ادارہ کسی بھی حکومت، سیاسی مفاد یا مذہب سے بالاتر ہو کر دنیا بھر میں ہونے والی زیادتیوں پر روشنی ڈالتا ہے اور حکومتوں سے جواب طلبی کرتا ہے۔ اس تنظیم نے 'میڈ اِن انڈیا: دی سپلائی آف ویپنز اینڈ ایمونیشن ٹو اسرائیل' کے عنوان سے ایک رپورٹ جاری کی ہے۔ یہ رپورٹ کہتی ہے کہ 7/اکتوبر 2023 سے 30 نومبر 2025 کے درمیان ہندوستان سے اسرائیل کو ہتھیاروں، گولہ بارود، فوجی پرزوں اور دیگر دفاعی سامان کی کم از کم 596,2 کھیپیں بھیجی گئیں۔ اس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ان میں مشین گنوں کے پرزے، 155 ملی میٹر کے دھماکہ خیز توپ کے گولے، ڈرون کے وارہیڈز اور بکتر بند فوجی گاڑیوں کے پارٹس شامل ہیں۔ ایمنسٹی کی تحقیق کی اہمیت صرف ان اعداد و شمار میں نہیں، بلکہ اس حقیقت میں ہے کہ اس نے ہندوستانی دفاعی برآمدات میں سرکاری اداروں کی موجودگی بھی سامنے رکھی ہے۔ رپورٹ کے مطابق مونی شنز انڈیا لمیٹڈ، جو ہندوستانی حکومت کی ملکیت ہے، اسرائیلی دفاعی کمپنی ایلبٹ سسٹمز کو ہائی ایکسپلوزو آرٹلری گولے فراہم کر چکی ہے۔ اس کے علاوہ پرائیویٹ شعبے کی انڈو ایم آئی ایم، کلیانی سسٹمز، پی ایل آر سسٹمز اور الفا ایل سیک جیسی کمپنیاں بھی اسرائیلی دفاعی سپلائی چین کا حصہ رہی ہیں۔ یہ رپورٹ اس لئے بھی حیرت ناک ہے کہ ہندوستان کی فلسطین کے ساتھ یکجہتی طویل عرصے تک ہندوستانی سفارت کاری کی نمایاں علامت رہی ہے۔ اور ہ ندوس ت ان کا عام آدمی ابھی تک ہ ندوستان کو فلسطین کا حامی اور دوست سمجھتا رہا ہے۔ یہ جان لینا بھی اہم ہے کہ ہندوستان نے 1974 میں فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو فلسطینی عوام کا نمائندہ تسلیم کیا اور 1988 میں فلسطینی ریاست کو تسلیم کیا تھا۔ تنظیم کی رپورٹ کے مطابق ہندوستانی کمپنیوں نے اسرائیلی دفاعی شعبے سے وابستہ کمپنیوں کو کم از کم 516,90,3 فوجی درجے کے چھوٹے ہتھیاروں کے پرزے، 970,64,5 دھماکہ خیز ہتھیاروں کے اجزا اور 298 فوجی گاڑیوں کے پرزے فراہم کیے۔ یہاں اصل سوال یہ نہیں کہ ہندوستان سے بھیجے گئے ہر گولے یا ہر وارہیڈ کو غزہ میں تباہ ہونے والی کسی مخصوص عمارت سے جوڑا جا سکتا ہے یا نہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا کسی ایسے ملک کو فوجی سامان فراہم کرنا مناسب ہے جس کی کارروائیوں کے بارے میں جنگی جرائم، انسانیت کے خلاف جرائم اور نسل کشی کے ممکنہ ارتکاب کے حوالے سے مسلسل بین الاقوامی انتباہات سامنے آتے رہے ہیں اور آخر کار اس ملک کے سربراہ کے خلاف بین الاقوامی عدالت انصاف نے گرفتاری وارنٹ بھی جاری کر دیا ہے۔ اس لئے یہ معاملہ بین الاقوامی قانون کے حوالے سے بھی معمولی نہیں رہ جاتا ہے۔

آپ کو یاد ہوگا کہ جنوری 2024 میں عالمی عدالتِ انصاف نے اسرائیل کو غزہ میں نسل کشی سے متعلق جرائم کی روک تھام کے لیے متعدد عبوری اقدامات کرنے کا حکم دیا تھا۔ مارچ اور مئی میں عدالت نے مزید اقدامات کیے۔ یہ احکامات نسل کشی کے مقدمے میں حتمی فیصلہ نہیں تھے، لیکن عدالت نے فلسطینیوں کے تحفظ اور متعلقہ کنونشن کے تحت اسرائیل کی ذمہ داریوں کو واضح کیا تھا۔ اس کے بعد اپریل 2024 میں نکاراگوا بنام جرمنی مقدمے میں عالمی عدالتِ انصاف نے جرمنی کے خلاف فوری عبوری اقدامات نافذ کرنے سے انکار ضرور کیا، لیکن اسی حکم میں اس نے تمام ریاستوں کو یاد دلایا کہ مسلح تنازع کے فریقوں کو ہتھیار منتقل کرتے وقت ان پر بین الاقوامی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں تاکہ ان ہتھیاروں کے ذریعے جنیوا کنونشن یا دیگر متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کا خطرہ کم کیا جا سکے۔ اس لیے ہندوستان کے لیے بھی سوال محض تجارتی نہیں بلکہ قانونی اور اخلاقی ذمہ داری کا ہے۔

ہندوستان ایک طرف فلسطین کے حق میں سفارتی بیانات دیتا ہے، جنگ بندی کی حمایت کرتا ہے اور دو ریاستی حل کی بات کرتا ہے، تو دوسری طرف اس کے دفاعی شعبے کی کمپنیاں اسرائیلی دفاعی صنعت کی سپلائی چین کا حصہ بن رہی ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ گزشتہ برسوں میں ہندوستان اور اسرائیل کے درمیان دفاعی، انٹیلی جنس، ٹیکنالوجی اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون گہرا ہوا ہے۔ اور اب ہندوستانی دفاعی صنعت خود اسرائیلی کمپنیوں کے ساتھ مشترکہ منصوبوں اور برآمدی سپلائی چین میں داخل ہو رہی ہے۔ ایسے میں حکومت کے لیے سب سے بڑا مسئلہ شفافیت کا بھی ہے۔ تنظیم کے مطابق موجودہ نظام میں یہ بات پوری طرح واضح نہیں کہ کسی جنگ زدہ ملک کو فوجی سامان برآمد کرنے سے پہلے انسانی حقوق اور بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزی کے خطرے کی کتنی جامع جانچ کی جاتی ہے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ یہ صورت حال ہندوستان کی عالمی ساکھ کے لیے بھی نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ حکومت کو پارلیمنٹ کے سامنے یہ واضح کرنا چاہیے کہ کون سی ہندوستانی کمپنیاں کیا سامان اسرائیلی اداروں کو فراہم کر رہی ہیں، ان اداروں کا اسرائیلی فوج کے ساتھ کیا تعلق ہے اور برآمدات کی منظوری کے وقت انسانی حقوق کے خطرات کا کس طرح جائزہ لیا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

# ترکیہ: یوروپ کا بوڑھا جوان ہو گیا

ڈاکٹر سلیم خان



ایک زمانے تک ترکیہ اور اسرائیل کے درمیان اچھے سفارتی اور تجارتی تعلقات رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی صدر رجب طیب اردوان کی جانب سے اسرائیل کے خلاف کوئی سخت بیان سامنے آتا ہے تو لوگ پرانے تعلقات کا حوالہ دے کر اسے مشکوک کر دیتے لیکن اب ترکیہ نے اسرائیلی وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو کی گرفتاری کے لیے بین الاقوامی وارنٹ جاری کر کے ان شکوک و شبہات کے ازالہ کا بہت ٹھوس اشارہ دے دیا ہے۔ اس بابت ترکیہ کے وزیرِ انصاف اَکن گُرلک نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر بتایا کہ یہ وارنٹ اسرائیل کی جانب سے غزہ کے لیے امدادی سامان لے جانے والے ایک بحری قافلے کو روکنے کے معاملے کی تحقیقات کے حصے کے طور پر جاری کیا گیا ہے۔ اَکن گُرلک نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ ہم اس خیال کو قطعی طور پر مسترد کرتے ہیں کہ غزہ میں نسل کشی کی پالیسی پر عمل پیرا نیتن یاہو کی حکومت قانون سے بالاتر ہے اور اسے اپنے اعمال کا جواب نہیں دینا پڑے گا۔ 'ہم غزہ میں کیے جانے والے جرائم کو چھپانے یا اُن کے ذمہ داروں کو سزا سے بچانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم قومی اور بین الاقوامی قانون کے تحت حاصل تمام ممکنہ قانونی اقدامات اٹھائیں گے۔ وزیرِ انصاف نے مزید کہا کہ 'ترکیہ فلسطین کے عوام، مظلوموں اور انسانیت کے اجتماعی ضمیر کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا رہے گا اور خلافِ انسانیت جرائم کرنے والوں کو قانون کے سامنے جواب دہ بنایا جائے گا۔

پچھلے دنوں شمالی شام کے شہر ادلب میں واقع ابو الظہور اڈے پر اسرائیل نے بمباری کر دی جس سے ترکیہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی۔ اس کے بعد اسرائیل خود ڈر گیا اور اس نے کشیدگی کو کم کرنے کے لیے اپنے سکیورٹی عہدیدار سے اعلان کروایا کہ وہ ترکیہ کو دشمن نہیں بنانا چاہتا۔ وہ اگر واقعی ایسا چاہتا ہے تو اسے شام میں مزید کارروائی کا خیال اپنے دماغ سے نکال دینا چاہیے مگر وہ اس کا امکان خارج بھی نہیں کرتا۔ اس کا کہنا ہے کہ جب پیغامات مؤثر ثابت نہ ہوں تو اسرائیلی فریق کو کارروائی کرنے پر مجبور ہونا پڑ سکتا ہے۔ اس گیدڑ بھبکی سے قطع نظر اسرائیل کی ہوا اس لیے نکل گئی کیونکہ شام کے لیے امریکی خصوصی ایلچی ٹام بارک نے اسرائیلی فضائی حملوں پر سخت تنقید کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اسرائیل نے اس فضائی اڈے کو نشانہ بنانے سے قبل امریکہ کو اطلاع نہیں دی تھی۔ ترکیہ میں بھی امریکی سفیر کی ذمہ داری نبھانے والے ٹام بارک کے مطابق منگل کا حملہ اسرائیل کی جانب سے ترکیہ کو اکسانے کی ایک خطرناک اور تشویش ناک کوشش کی عکاسی کرتا ہے۔ اس پھٹکار کے باوجود اسرائیلی وزیرِ اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دفتر نے یہ جواز پیش کیا کہ دمشق نے ترک فوجیوں کو وہاں تعینات کرنے کی اجازت دے کر ایک معاہدے کی خلاف ورزی کی اس لیے اس اڈے کو نشانہ بنایا گیا۔ یہ حملہ ان لوگوں کے چہرے پر بھی طمانچہ ہے جو شامی حکومت اسرائیل اور امریکہ کا ایجنٹ کہتے ہیں۔

ترکیہ کا اسرائیل کے ساتھ یہ ٹکراؤ اور اس کے بعد ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہو جانا عالمی تناظر میں ایک بہت بڑی تبدیلی کی علامت ہے۔ امریکی صدر فی الحال ترکیہ کو یوروپ اور اسرائیل سے زیادہ اہمیت دے رہے ہیں۔ اس سے پتہ چلتا ہے دنیا میں طاقت کا توازن بدل رہا ہے اور بڑی تبدیلیاں واقع ہو رہی ہیں اور عالمی افق پر ترکیہ کی اہمیت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ انقلاب فرانس سے پہلے والے زمانے کو خود یوروپ تاریک دور سے تعبیر کرتا ہے مگر اس کے بعد فرنگیوں کو جو غلبہ حاصل ہوا اس کے بعد کسی سُپر پاور کے ساتھ اس طرح کا واقعہ شاید ہی منظر عام پر آیا ہو۔ یوروپ کے اندر ملوکیت کے تحت جاگیردارانہ نظام نافذ تھا اس کے تناظر میں کارل مارکس کی مشہور تصنیف داس کیپیٹل کا پہلا حصہ 1867ء میں شائع ہوا۔ اس میں سرمایہ اور سرمایہ داری کا تجزیہ کرنے کے بعد سرمایہ دارانہ نظام، محنت کش طبقے کا استحصال اور معاشی و طبقاتی تقسیم کو موضوعِ بحث بنایا گیا۔ مارکس کی وفات کے بعد ان کے دوست فریڈرک اینجلس نے باقی تین جلدیں بھی شائع کروائیں اور اس کی روشنی میں 1917 کے اندر اشتراکی انقلاب رونما ہوا جس نے نصف جرمنی سمیت پورے مشرقی یوروپ کو سوویت یونین کے تحت ایک عظیم وفاق میں بدل دیا۔ اس کے بعد ہونے والی دو عظیم جنگوں میں خلافت عثمانیہ کا خاتمہ ہو گیا۔ مسلم ممالک قومی ریاستوں میں بنٹ گئے۔

مغربی یوروپ نے امریکہ کے ساتھ مل نیٹو کے ذریعہ اپنا دفاع کرنے کا ارادہ کیا۔ اس طرح دو قطبی دنیا میں ایک طرف امریکہ کے ساتھ اس کے حلیف اور دوسری جانب سوویت یونین اور اس کے حامی ممالک تھے۔ مسلم دنیا کے ملوک امریکہ اور آمر سوویت یونین کے حلیف بن گئے۔ افغانستان میں فوج کشی کے بعد سوویت یونین کا انتشار شروع ہوا اور وہ گورباچیف کے ہاتھوں اختتام پر پہنچا۔ اس کے بعد یک قطبی دنیا عالمی نظام وجود میں آیا اور امریکہ کی من مانی بامِ عروج پر پہنچ گئی۔ ایران تو اسلامی انقلاب کے بعد ہی امریکہ کے نشانے پر تھا مگر 911 حملے کے بعد اس نے افغانستان پر چڑھائی کر دی۔ وہاں پر چونکہ خاطر خواہ کامیابی نہیں ملی اس لیے جارج ڈبلیو بُش نے عراق میں عمومی تباہی کے اسلحہ کا جھوٹ گھڑ کر کے صدام حسین کو نہ صرف معزول کر دیا بلکہ پھانسی پر بھی چڑھا دیا۔ اس کے بعد الیکشن ختم تو کھیل ختم۔ امریکی انتظامیہ نے یہ تسلیم کر لیا کہ وہاں عمومی تباہی کے اسلحہ نہیں تھے وہ اطلاع خفیہ ایجنسی کی غلط رپورٹنگ تھی۔ اس کے بعد لیبیا کے کرنل قذافی کو بھی معزول کیا گیا حالانکہ وہ مفاہمت کر چکے تھے۔ صدر ٹرمپ نے مسلم دنیا کی جانب سے توجہ ہٹا کر پہلے وینزویلا میں تختہ پلٹ کیا اور صدر مدورو کا اغوا کر لیا۔ اس طرح وہ وینزویلا کے تیل پر بلواسطہ قابض ہو گئے۔ آگے چل کر گرین لینڈ پر اپنا دعویٰ ٹھونک کر نیدرلینڈ سمیت پورے یوروپ کو ناراض کر دیا۔ روس کی جانب ہاتھ بڑھا کر یوروپ سے تعلقات بگاڑ کر کیوبا کو بھی دھمکی دینے لگے۔ غزہ کی باز آبادکاری کا احمقانہ منصوبہ پیش کیا مگر ان سب میں وہ ناکام رہے۔

صدر ٹرمپ کی مقبولیت بہت کم ہو چکی تھی مگر اس بیچ ان کے سامنے وسط مدتی انتخاب میں اپنی کانگریس (پارلیمان) میں پارٹی کی اکثریت قائم رکھنے کا چیلنج آ گیا۔ اسی دوران نیتن یاہو کو قومی انتخاب جیتنے کی ضرورت پیش آ گئی تاکہ بدعنوانی کے معاملے میں خود کو جیل جانے سے بچا سکیں۔ اس لیے ان دونوں غیر مقبول رہنماؤں نے ایران میں اقتدار تبدیل کر کے اس کی آگ پر اپنی سیاسی روٹیاں سینکنے کا ناپاک منصوبہ بنایا مگر وہ وہ شعلے ایسے بھڑکے کہ ان کے ہاتھ کے ساتھ چہرے بھی جھلس گئے۔ ٹرمپ کے سامنے ابراہم لنکن کی جگہ واشنگٹن بحری بیڑہ بھیجنے کی مجبوری آن پڑی۔ اپنے ہوائی جہاز سے چوری چھپے نکل کر دوسرے جہاز میں چھپ کر واپس جانے کی نوبت آ گئی۔ ایران کو ہرمز کی شکل میں ایک نادر تحفہ مل گیا۔ مشرق وسطیٰ امریکی فوجی اڈوں سے پاک ہو گیا۔ سعودی عرب نے ترکی اور پاکستان کے ساتھ مل کر اپنے تحفظ کا انتظام کر لیا اور دنیا امریکہ سمیت مغربی تسلط سے نجات مل گئی۔ ایران اور امریکہ کی یہ جنگ دوسری جنگ عظیم کے بعد قائم ہونے والے مغربی تسلط کا خاتمہ ہے۔ اس کے بعد امریکہ کی من مانی پر ہمیشہ کے لیے لگام لگ جائے گی اور پچھلے 80/سال سے جاری فرنگی غلبے کا خاتمہ ہو جائے گا۔

ایران پر امریکہ کی جانب سے تھوپی جانے والی جنگ چھٹے مہینے سے گزر رہی ہے اور ہنوز محاذ سے دلچسپ خبروں کی آمد کا سلسلہ جاری و ساری ہے۔ اس ہفتے دو انکشافات ہوئے۔ ان میں پہلا تو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حوالے سے تھا اور دوسرا امریکی فوجیوں کی حالت زار بیان کرتا تھا۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کی دعوت پر ٹرمپ نیٹو کے اجلاس میں شریک ہونے کے لیے انقرہ آئے تھے مگر واپسی میں ان کے طیارے کی تبدیلی نے اس سفر کو یادگار بنا دیا۔ ابھی اس پر گفت و شنید کا سلسلہ جاری ہی تھا کہ امریکی طیارہ بردار بحری بیڑے ابراہم لنکن پر پر تعینات متعدد فوجی اہلکاروں نے خودکشی کی کوشش کر کے چونکا دیا۔ پتہ چلا کہ 7/ماہ سے سمندر میں موجود امریکی بحری بیڑے ابراہم لنکن پر تعینات فوجی عملے کی ذہنی صحت بگڑنے لگی ہے اور اس کے نتیجے میں کئی اہلکاروں نے سمندر میں کود کر خودکشی کی کوشش تک کر ڈالی۔ سوال یہ ہے کہ ایسی نوبت کیوں آئی اور کیا اس کے لیے صدر ٹرمپ کا جنگی جنون ذمہ دار نہیں ہے۔ ویسے انہوں نے طیارہ بردار جنگی جہاز ابراہم لنکن کی نو ماہ کی تعیناتی کو طویل ماننے سے انکار کر دیا ہے۔ صدر ٹرمپ کے مطابق یہ قلیل عرصہ ہے۔ اس بات کو درست مان لیا جائے تو اب ابراہم لنکن کی جگہ دوسرے طیارہ بردار بحری جہاز واشنگٹن کے بھیجے جانے کا فیصلہ ناقابلِ فہم ہو جاتا ہے۔ امریکی صدر کے بیشتر فیصلے ایسا معمہ ہوتے ہیں جن کو حل کرنے میں انسانی دماغ تو دور اے آئی کی مصنوعی ذہانت بھی فیل ہے۔ ایسے میں علامہ اقبال کا یہ شعر یاد آتا ہے۔

آنکھ جو کچھ دیکھتی ہے لب پہ آ سکتا نہیں
محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی

☆☆☆

# بھارت کی سیاسی ہوا بدلتی دکھائی دے رہی ہے

جسٹس (ریٹائرڈ) مارکنڈے کاٹجو



بابا رام دیو، جو حال ہی میں وزیر اعظم نریندر مودی کے کٹر حامی تھے، نے مودی حکومت کے تحت ہندوستان میں موجودہ حالات پر کڑی تنقید کی ہے۔ اپنے حالیہ ریمارکس میں، انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں "ہنگامہ" (افراتفری) ہے، جس نے اسکولوں میں اساتذہ، بجلی، پانی، بیت الخلا اور نصابی کتب کی کمی کی طرف اشارہ کیا۔ انہوں نے امتحانات میں دھوکہ دہی اور پیپر لیک ہونے اور سرکاری ملازمتوں کے انتخاب میں مبینہ طور پر بڑے پیمانے پر بدعنوانی پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔

ان کا یہ تبصرہ لال قلعہ سے وزیر اعظم نریندر مودی کے یوم آزادی کے خطاب کے فوراً بعد آیا، جس میں مودی نے اپنے ناقدین پر حملہ کیا، انہیں "دماغی نکسل" (ذہنی دہشت گرد) کہا، اپنی حکومت کی کامیابیوں پر روشنی ڈالی اور ہندوستان کے 2047 تک ایک خوشحال ملک بننے کی بات کہی۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ معاشی ترقی نے عام ہندوستانیوں کو کس حد تک فائدہ پہنچایا ہے، ہندوستان کی انسانی ترقی کے اشاریہ کی درجہ بندی اور دولت کی عدم مساوات پر تشویش کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ان کا استدلال ہے کہ حکومت جی ڈی پی کی نمو اور دیگر اقتصادی کامیابیوں کو نمایاں کرتی ہے، لیکن یہ سوال باقی رہتا ہے کہ اصل میں اس ترقی کے فوائد کون حاصل کر رہا ہے۔

حالیہ واقعات اور تبدیلیوں سے انداز ہوتا ہے کہ ہندوستان کا سیاسی ماحول بدل رہا ہے، نوجوانوں میں روزگار، بے روزگاری، بڑھتی ہوئی قیمتوں، تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور زندگی کے حالات پر تشویش بڑھ رہی ہے۔ اس میں دہلی میں نوجوانوں کے حالیہ مظاہرے سب سے نمایاں ہیں، جہاں مظاہرین کو ذات پات اور مذہبی تقسیم سے اوپر اٹھ کر روزگار اور بہتر مواقع کا مطالبہ کرنے کے طور پر بیان کیا گیا تھا۔

بڑھتا ہوا عوامی عدم اطمینان مودی حکومت کو 12 سال اقتدار میں رہنے کے بعد بیک فٹ پر ڈال سکتا ہے۔ ان کا یہ بھی استدلال ہے کہ ابھرتی ہوئی اپوزیشن صرف سیاسی جماعتوں کی طرف سے نہیں بلکہ عام شہریوں کی طرف سے بڑھ رہی ہے جو اپنی روزمرہ کی زندگی میں بہتری کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اس پس منظر میں، رام دیو کی تنقید کو سیاسی جذبات کو بدلنے کے ممکنہ اشارے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے، جس میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ سیاسی ماحول کے بدلتے ہی مودی حکومت کے سابق حامی اپنی پوزیشنیں بدل رہے ہیں۔

وزیر اعظم کے دماغی نکسل سے متعلق بیان بھی عجیب و غریب ہے۔ جمہوریت میں سوال پوچھنے والوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ معاشی ترقی کے دعوؤں کے باوجود 193 ممالک میں ہندوستان 130 ویں نمبر پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت میں گھریلو مجموعی پیداوار بھی متاثر ہوئی۔ ہندوستان کی آبادی میں 80 فیصد ہندو ہیں اور بی جے پی اُن کی نمائندگی کا دعویٰ کرتی ہے۔ ہندوؤں کی تائید کے نام پر بی جے پی ریاستوں میں کامیابی حاصل کر رہی ہے۔ ملک کی سیاسی ہوا تبدیل ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ ملک کے نوجوان فرقہ پرستی اور ذات پات سے ابھر کر روزگار کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ نئی دہلی میں جنتر منتر پر نوجوانوں میں مذہب اور ذات پات سے اُٹھ کر اپنا احتجاج درج کروایا۔ جسٹس کاٹجو نے بیروزگاری اور مہنگائی جیسے سنگین مسائل کا حوالہ دیا اور کہا کہ حالیہ برسوں میں ہندوستان میں تعلیم اور صحت جیسے شعبہ جات میں گراوٹ دیکھی گئی ہے۔ میں اپنے مضمون کا اختتام اردو شاعر اکبر الہ آبادی کے اس اشعار پر کرتا ہوں۔

خبر دیتی ہے تحریک ہوا تبدیل موسم کی
کھلیں گے اور ہی گل زمزمے بلبل کے کم ہوں گے
بدل جائے گا معیار شرافت چشم دنیا میں
زیادہ تھے جو اپنے زعم میں وہ سب سے کم ہوں گے

معنی: ہوا کی حرکت موسم میں تبدیلی کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ اب دوسرے پھول کھلیں گے اور بلبل کے گیت کم ہوں گے۔ فضیلت اور احترام کے بارے میں دنیا کی سمجھ بدل جائے گی۔ وہ لوگ جو کبھی غرور اور تکبر سے بھرے ہوئے تھے سب سے نیچے گر جائیں گے۔ میں یہاں چین کے بارے میں نپولین کی مشہور وضاحت کو "سوئے ہوئے دیو" پیش کرتا ہوں، جس میں تجویز کیا گیا ہے کہ اسی استعارہ کو ہندوستان پر بھی لاگو کیا جا سکتا ہے کیونکہ ایک سویا ہوا دیو جو، مصنف کے خیال میں، اب بیدار ہونے لگا ہے۔

☆☆☆

# عزت مآب وزیر اعظم، مفت کوچنگ مسئلہ کا حل نہیں ہے

ڈاکٹر اجیت راناڈے

**اصل کامیابی تب ہوگی جب ایسا تعلیمی ڈھانچہ کھڑا کیا جائے کہ کسی خاندان کو کوچنگ کا سہارا لینے کی ضرورت ہی نہ رہے۔**
**ہندوستان کا ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچہ کروڑوں بچوں تک مفت کوچنگ تو پہنچا سکتا ہے، لیکن اصل کامیابی ایسا تعلیمی اور روزگار کا نظام بنانے میں ہوگی جہاں کسی بھی خاندان کو کوچنگ کا سہارا لینے کے لیے پیسے خرچ نہ کرنے پڑیں۔**

لال قلعہ کی فصیل سے یوم آزادی کے خطاب میں وزیر اعظم نریندر مودی نے ایک بڑا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کے ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے، اہل اساتذہ اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ایک وسیع نیٹورک تیار کرے گی۔ اس کا مقصد ان غریب لیکن باصلاحیت خاندانوں پر مالی بوجھ کم کرنے کے لیے مفت آن لائن کوچنگ فراہم کرنا ہے، جو لاکھوں روپے کی فیس ادا نہیں کر سکتے۔ اچھے اساتذہ اور معیاری مطالعاتی مواد تک مفت رسائی یقینی طور پر عدم مساوات کی خلیج کو پاٹ سکتی ہے، لیکن یہ اعلان اپنے آپ میں ایک بنیادی سوال بھی کھڑا کرتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر کوچنگ ہمارے معاشرے کے لیے اتنی ناگزیر کیوں بن گئی؟

ہندوستان میں بوتل بند پانی کا کاروبار اور کوچنگ کی صنعت بالکل ایک جیسی کہانی بیان کرتے ہیں۔ جب سرکاری نظام عوام کو معیاری اور قابل اعتماد خدمات فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے تو پرائیویٹ صنعت اس خالی جگہ پر قابض ہو جاتی ہے۔ لوگ بوتل بند پانی اس لیے خریدتے ہیں کیونکہ انہیں نل سے آنے والے پانی پر بھروسہ نہیں ہوتا۔ بالکل اسی طرح وہ کوچنگ پر اس لیے پیسے خرچ کرتے ہیں کیونکہ انہیں قطعی یقین نہیں ہوتا کہ عام اسکولوں کی تعلیم ان کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم اور روزگار کے دروازوں تک پہنچا پائے گی۔ پرائیویٹ ٹیوشن کے پیچھے کچھ اور بھی وجوہات ہو سکتی ہیں، لیکن ہندوستان میں اس کے اس قدر حاوی ہونے کی وجہ رسمی تعلیمی نظام کی بنیادی کمزوریوں میں ہی پوشیدہ ہے۔

اعداد و شمار اس حقیقت کو پوری طرح بے نقاب کرتے ہیں۔ 'انڈیا فورم' میں راہل ورما کے ایک حالیہ مضمون میں نقل کیے گئے قومی نمونہ سروے (این ایس ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق اسکول جانے والے 27 فیصد بچے پرائیویٹ کوچنگ لیتے ہیں۔ سینئر سیکنڈری سطح پر تو یہ تعداد بڑھ کر 37 فیصد تک پہنچ جاتی ہے۔ دوسری طرف تعلیم کی سالانہ صورت حال کی رپورٹ مسلسل بنیادی تعلیم میں سنگین خامیوں کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔ 2024 میں سرکاری اسکولوں کی پانچویں جماعت کے صرف 44.8 فیصد بچے ہی دوسری جماعت کی درسی کتاب پڑھ پانے کے قابل تھے، جبکہ ایک تہائی سے بھی کم بچے تقسیم (ڈویژن) کا بنیادی سوال حل کر سکے۔ نتیجہ کار ہمارے سامنے ایک عجیب و غریب تضاد کھڑا ہے۔ جہاں ایک طرف بنیادی تعلیم کا ڈھانچہ پوری طرح کھوکھلا ہے، وہیں دوسری طرف داخلہ امتحانات پاس کرانے والی ایک انتہائی چالاک اور وسائل سے مالا مال صنعت پھل پھول رہی ہے۔

'ڈمی اسکولوں' کا بڑھتا ہوا رجحان اس ستم ظریفی کو مزید گہرا کرتا ہے۔ طلبا کاغذات پر تو باقاعدہ اسکول میں داخل رہتے ہیں، لیکن ان کا اصل وقت جے ای ای یا نیٹ کے کوچنگ اداروں میں گزرتا ہے۔ اسکول محض رسمی کارروائی بن کر رہ گئے ہیں اور کوچنگ سنٹر تعلیم کا اصل ٹھکانہ بن چکے ہیں۔ طلبا روزانہ 8 سے 15 گھنٹے نیٹ کی تیاری میں صرف کر دیتے ہیں، لیکن حیاتیات کے بنیادی عملی کام میں بھی لڑکھڑا جاتے ہیں۔ سوالات کے نمونے کورٹ لینا اور داخلہ امتحان کے پیٹرن کی مشق کر لینا اس بات کا قطعی مطلب نہیں ہے کہ طالب علم نے مضمون کی بنیادی سمجھ بھی حاصل کر لی ہے۔ اس اندھی دوڑ کی دوسری بڑی وجہ نشستوں کی شدید قلت ہے۔ اس سال جے ای ای مینس کے لیے 16 لاکھ سے زیادہ امیدواروں نے رجسٹریشن کرایا۔ ان میں سے صرف سرفہرست 2.5 لاکھ طلبا ہی جے ای ای ایڈوانسڈ دینے کے اہل ہوں گے، اور ان میں سے بھی ایک بہت چھوٹا حصہ آخر کار آئی آئی ٹی کی دہلیز پار کر پائے گا۔ میڈیکل کالجوں، معروف یونیورسٹیوں سے لے کر سرکاری ملازمتوں تک کے معاملے میں بھی مواقع کی یہی دم گھونٹ دینے والی تنگی ہے۔

جب لاکھوں دعوے داروں کے درمیان مٹھی بھر قیمتی مواقع تقسیم کرنے ہوں تو امتحان علم کی پرکھ نہیں رہ جاتا۔ وہ مواقع کی راشننگ کا آلہ اور نوجوانوں کو باہر نکالنے یعنی 'اجتماعی چھٹنی' کا ظالمانہ ذریعہ بن جاتا ہے۔ کوچنگ پر دوگنا پیسہ خرچ کرنے سے ملک میں آئی آئی ٹی کی نشستیں یا سرکاری عہدے دوگنے نہیں ہو جاتے۔ انفرادی طور پر ہر خاندان کی یہ خواہش جائز ہے کہ اس کا بچہ مقابلے میں آگے نکلے، لیکن اجتماعی طور پر دیکھا جائے تو قطار میں صرف تھوڑا آگے کھسکنے کی خاطر ملک کا بے پناہ پیسہ، وقت اور نوجوانوں کی بے حد توانائی برباد ہو رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امتحانات کی شفافیت اور قابل اعتماد ہونا اتنا اہم ہو جاتا ہے۔ جب ایک ہی امتحان کسی کا کیریئر بنا یا بگاڑ سکتا ہے تو اس کی غیر جانبداری ایک لازمی عوامی اعتماد بن جاتی ہے۔ ایک امیدوار 50 میں سے ایک یا 100 میں سے ایک ہونے کے مشکل چیلنج کو بھی قبول کر سکتا ہے، بشرطیکہ اسے پختہ یقین ہو کہ ہر شخص یکساں اصولوں کے تحت ایک ہی امتحان دے رہا ہے۔ لیکن پرچہ لیک ہونے کا ایک واقعہ اس پورے سماجی اعتماد کو چکنا چور کر دیتا ہے اور ہندوستان ایسے المیوں کا بار بار سامنا کرتا رہا ہے۔

اس نظام کی مزید ایک خرابی ہے۔ کروڑوں امیدواروں کو چھانٹنے کی مجبوری معیاری اور مشینوں سے جانچی جا سکنے والی کثیر الانتخابی امتحانات کو فروغ دیتی ہے۔ ایسے امتحانات معروضی اور بڑے پیمانے پر آسانی سے نافذ کیے جانے کے لحاظ سے آسان تو ہوتے ہیں، لیکن جب پورا مستقبل ہی ایسے امتحانات پر منحصر ہو جائے تو پورا تعلیمی نظام محض 'ٹیسٹ پریپ' بن کر رہ جاتا ہے۔ علم سکڑ کر پیٹرن کی شناخت تک محدود ہو جاتا ہے اور 4 میں سے 3 غلط اختیارات کو تیزی سے چھانٹ دینے کی چالاکی کو ہی حقیقی 'سیکھنا' سمجھ لیا جاتا ہے۔

قومی تعلیمی پالیسی (این ای پی) 2020 نے رٹنے کے نظام سے ہٹ کر فہم اور صلاحیت پر مبنی تعلیم کی طرف بڑھنے کا دعویٰ کیا، لیکن زمینی مسائل جوں کے توں ہیں۔ جیسا کہ انڈیا فورم کے تجزیے میں بتایا گیا ہے، جب امنگوں کے تناسب سے ادارہ جاتی صلاحیت میں توسیع نہیں ہوتی تو داخلہ امتحانات محض آخری جائزہ نہیں رہتے بلکہ ثانوی تعلیم کا بنیادی رہنما اصول بن جاتے ہیں۔ ستم ظریفی یہ ہے کہ خود حکومتیں بھی کوچنگ کی اس اندھی دوڑ میں شریک بن چکی ہیں۔ مہاراشٹر کا اسٹیٹ انسٹی ٹیوٹ فار ایڈمنسٹریٹو کیریئرز مفت میں یو پی ایس سی کی فل ٹائم کوچنگ فراہم کرتا ہے۔ مرکز سمیت کئی دیگر ریاستیں بھی ایسی اسکیمیں چلا رہی ہیں۔ محروم طبقات کے ذہین طلبا کے لیے مفت کوچنگ فوری طور پر ایک راحت ضرور ہو سکتی ہے، لیکن یہ غیر مساوی اندھی دوڑ کی عارضی تلافی بھر ہے، اس سڑے گلے نظام کا مکمل علاج نہیں جو اس عدم مساوات کو پیدا کرتا ہے۔

کوچنگ کی یہ بیماری صرف ہندوستان تک محدود نہیں۔ جاپان اور جنوبی کوریا جیسے ممالک میں بھی، جہاں کا اسکولی ڈھانچہ انتہائی مضبوط ہے، 'کریم اسکولوں' کی جڑیں جمائے ہوئے ثقافت موجود ہے۔ جاپان ریاضی، ریڈنگ اور سائنس میں او ای سی ڈی کی اوسط سے کہیں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب ممتاز اداروں کے لیے مقابلہ اندھا ہوگا تو کوچنگ کا عروج یقینی ہے۔ اس کے برعکس فن لینڈ قومی سطح کے ایسے دباؤ والے امتحانات پر زور نہیں دیتا، جبکہ جرمنی روایتی یونیورسٹیوں کے متوازی ہی معروف پیشہ ورانہ اور اپرینٹس شپ کے راستے فراہم کرتا ہے۔ سبق واضح ہے... صرف اچھے سرکاری اسکول کوچنگ کو ختم نہیں کر سکتے۔ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، عزت اور روزگار کے متعدد قابل اعتماد اور متوازی راستے درکار ہیں۔

حقیقی اصلاح کا ایجنڈا یہیں سے شروع ہوتا ہے۔ عام اسکولوں اور یونیورسٹیوں کو وسائل سے مالا مال بنائیں۔ صرف اداروں کی تعداد بڑھانے کے بجائے معیاری تدریس کو وسعت دیں۔ امتحانات ایسے ہوں جو کوچنگ کی بازی گری کے بجائے مضمون کی گہری سمجھ کو جانچیں، تاکہ کسی ایک دوپہر کا امتحان زندگی اور موت کا فیصلہ نہ بن جائے۔ تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کو سماجی وقار دلائیں۔ اور سب سے ضروری، بڑے پیمانے پر پرکشش اور محفوظ روزگار پیدا کریں تاکہ کروڑوں ہندوستانی نوجوان مٹھی بھر سرکاری ملازمتوں کے لیے جان لیوا بھگدڑ مچانے پر مجبور نہ ہوں۔

ہندوستان کا ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچہ کروڑوں بچوں تک مفت کوچنگ تو پہنچا سکتا ہے، لیکن اصل کامیابی ایسا تعلیمی اور روزگار کا نظام بنانے میں ہوگی جہاں کسی بھی خاندان کو کوچنگ کا سہارا لینے کے لیے پیسے خرچ نہ کرنے پڑیں۔

مضمون و مراسلہ نگار کی آراء سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ماکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# دھر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کر دے

فہیم اختر۔لندن



ربیع الاول کا چاند طلوع ہوتے ہی مسلمانوں کے دلوں میں ایک عجیب سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ فضائیں درود وسلام سے مہکنے لگتی ہیں، محفلیں سجتی ہیں، نعتوں کی صدائیں بلند ہوتی ہیں اور ہر طرف رسولِ اکرم حضرت محمد ﷺ سے محبت کا اظہار نظر آتا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہی وہ مبارک مہینہ ہے جس میں خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ دنیا میں تشریف لائے۔

دنیا کے مختلف خطوں میں مسلمان اپنے اپنے انداز میں اس نسبت کو یاد کرتے ہیں۔ کہیں محافلِ میلاد منعقد ہوتی ہیں، کہیں سیرت النبی ﷺ کے اجتماعات ہوتے ہیں اور کہیں جلوس و چراغاں کے ذریعے عقیدت کا اظہار کیا جاتا ہے۔ ہمارے لیے یہ موقع صرف خوشی منانے کا نہیں بلکہ اپنے دل سے یہ سوال کرنے کا بھی ہے کہ جس ہستی سے ہم محبت کا دعویٰ کرتے ہیں، کیا ہماری زندگی میں ان کی تعلیمات کی کوئی جھلک بھی موجود ہے؟

میرے نزدیک رسولِ اکرم ﷺ سے محبت کا سب سے خوبصورت اظہار یہ ہے کہ ہم آپ ﷺ کی سیرت کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ مذہب میرے نزدیک محض چند احکام کا مجموعہ نہیں۔ اسلام ایک مکمل طرزِ زندگی ہے، ایسا راستہ جو انسان کو صرف عبادت کا طریقہ نہیں سکھاتا بلکہ اسے ایک اچھا، دیانت دار، رحم دل، صابر، معاف کرنے والا اور ذمہ دار انسان بننے کی تربیت بھی دیتا ہے۔ اور یہی وہ مقام ہے جہاں سیرتِ رسول ﷺ ہمارے لیے آج بھی اتنی ہی متعلقہ ہے جتنی چودہ سو برس پہلے تھی۔

حضرت محمد ﷺ کی شخصیت انسانی تاریخ کا ایک ایسا روشن باب ہے جس میں عقل و حکمت، رحمت و شفقت، عدل و انصاف، صبر و برداشت اور اعلیٰ اخلاق ایک ساتھ نظر آتے ہیں۔ آپ ﷺ نے انسان کو اس کی اصل حقیقت سے روشناس کرایا، اسے زندگی کا مقصد سمجھایا اور اسے یہ احساس دیا کہ انسان محض اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے دنیا میں نہیں آیا۔ آپ ﷺ نے انسان کو بتایا کہ زندگی ایک ذمہ داری ہے، ایک امتحان ہے اور ایک امانت ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات نے انسان کو تین بنیادی راستے دکھائے: حقیقت کی معرفت، اخلاق کی بلندی اور عقل و شعور کا استعمال۔ اسلام سے پہلے عرب معاشرے میں قبائلی تعصبات، بت پرستی، طاقت کا غرور اور کمزوروں پر ظلم عام تھا۔ ایسے ماحول میں رسولِ اکرم ﷺ نے ایک نہایت سادہ مگر انقلابی پیغام دیا: اللہ ایک ہے، انسان برابر ہیں اور زندگی ذمہ داری کا نام ہے۔ یہ پیغام صرف عقیدے کی تبدیلی نہیں تھا، یہ انسانی کردار کی تعمیر کا آغاز تھا۔

آج ہم جس دنیا میں رہتے ہیں، وہاں ترقی کے باوجود انسان پہلے سے کہیں زیادہ تنہائی، خودغرضی، مادہ پرستی اور بے اعتمادی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ دولت بڑھ رہی ہے مگر دل سکڑ رہے ہیں۔ رابطے بڑھ گئے ہیں مگر تعلقات کمزور ہو رہے ہیں۔ انسان کے پاس دوسروں تک پہنچنے کے ہزاروں ذرائع ہیں لیکن ایک دوسرے کو سمجھنے کا حوصلہ کم ہوتا جا رہا ہے۔ ایسے میں سیرتِ رسول ﷺ ہمیں دوبارہ رحمت، محبت، صبر، ایثار، عفوودرگزر اور حسنِ سلوک کی طرف بلاتی ہے۔ رسولِ اکرم ﷺ نے انسانی تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے اخلاق کو بنیادی اہمیت دی۔ آپ ﷺ کی زندگی ہمیں بتاتی ہے کہ کسی انسان کی عظمت اس کی دولت، منصب یا شہرت سے نہیں بلکہ اس کے کردار سے متعین ہوتی ہے۔ شکرگزاری بھی سیرتِ نبوی ﷺ کا ایک اہم پہلو ہے۔ حدیثِ مبارک کا مفہوم ہے کہ جو لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا، وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔ ذرا غور کیجیے! آج ہمارے معاشرے میں شکایت بہت ہے اور شکر کم۔ ہم دوسروں کی غلطیاں فوراً دیکھ لیتے ہیں لیکن ان کی چھوٹی سی نیکی کو نظرانداز کردیتے ہیں۔ ہم معافی مانگنے سے زیادہ معاف کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔ حالانکہ رسولِ اکرم ﷺ کی زندگی ہمیں معافی اور درگزر کا غیر معمولی سبق دیتی ہے۔

طائف کا واقعہ سیرتِ نبوی ﷺ کا ایسا باب ہے جسے یاد کرتے ہوئے دل بے اختیار جھک جاتا ہے۔ جب اہلِ طائف نے آپ ﷺ کی دعوت قبول کرنے کے بجائے آپ پر پتھر برسائے، آپ لہولہان ہوگئے، جسم زخمی ہوگیا، لیکن آپ ﷺ نے بددعا کے بجائے رحمت کا راستہ اختیار کیا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں ہمیں سمجھ آتا ہے کہ محبت صرف دعویٰ نہیں، محبت اپنے ردِعمل میں ظاہر ہوتی ہے۔

جو شخص ہمیں تکلیف دے، اسے معاف کر دینا آسان نہیں۔ جو ہمارے خلاف بولے، اس کے لیے خیر چاہنا آسان نہیں۔ لیکن رسولِ اکرم ﷺ نے ہمیں یہی مشکل راستہ دکھایا۔ آج اگر ہم میلادِ رسول ﷺ منا رہے ہیں تو ہمیں اپنے اندر یہ سوال ضرور پیدا کرنا چاہیے کہ کیا ہمارے اخلاق میں بھی رحمتِ محمدی ﷺ کی کوئی جھلک ہے؟ کیا ہم اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرتے ہیں؟ کیا ہم اپنے پڑوسی کا خیال رکھتے ہیں؟ کیا ہم کسی ضرورت مند کی مدد کرتے ہیں؟ کیا ہم اپنے ماتحت سے عزت سے پیش آتے ہیں؟ کیا ہم اختلاف رکھنے والے انسان کو بھی احترام دیتے ہیں؟ کیا ہم غصے کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھتے ہیں؟ اور سب سے بڑھ کر، کیا ہم کسی ایسے شخص کو معاف کر سکتے ہیں جس نے ہمارے ساتھ زیادتی کی ہو؟ یہ سوالات کسی ایک دن کے نہیں۔ یہ پوری زندگی کے سوالات ہیں۔

اسلام نے علم کو بھی غیر معمولی اہمیت دی۔ قرآن کا پہلا پیغام ہی "اقرأ" یعنی پڑھنے کا حکم ہے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ اسلام انسان کو جہالت میں نہیں بلکہ علم، غوروفکر اور شعور میں آگے بڑھنے کی دعوت دیتا ہے۔ اس لیے اردو کے ایک ادیب کی حیثیت سے مجھے یہ بات بھی اہم محسوس ہوتی ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو صرف اپنی تہذیبی اور مذہبی تاریخ سے واقف نہ کرائیں بلکہ انہیں علم، تحقیق، سوال کرنے اور سوچنے کی آزادی بھی دیں۔ رسولِ اکرم ﷺ کی سیرت ہمیں ایک ایسا انسان بنانے کی دعوت دیتی ہے جو عبادت گزار بھی ہو اور ذمہ دار شہری بھی، علم دوست بھی ہو اور رحم دل بھی، اپنے حقوق سے واقف بھی ہو اور دوسروں کے حقوق کا محافظ بھی ہو۔ آج ہم مسلمانوں کے مسائل کا ذکر بہت کرتے ہیں۔ ہم پوچھتے ہیں کہ مسلمان دنیا میں کمزور کیوں ہیں؟ ہمیں بدنام کیوں کیا جاتا ہے؟ ہمارے درمیان اختلافات کیوں ہیں؟ ہم علمی اور معاشی میدان میں پیچھے کیوں ہیں؟ لیکن شاید ہمیں ان سوالات کے ساتھ ایک اور سوال بھی پوچھنا چاہیے، کیا ہم نے اپنی زندگی میں رسولِ اکرم ﷺ کی تعلیمات کو واقعی جگہ دی ہے؟ اگر ہم نماز پڑھتے ہیں مگر جھوٹ بولتے ہیں، روزہ رکھتے ہیں مگر دوسروں کا حق کھاتے ہیں، نعت پڑھتے ہیں مگر کسی انسان کی عزت پامال کرتے ہیں، میلاد مناتے ہیں مگر دل میں نفرت رکھتے ہیں تو ہمیں اپنے عمل پر ضرور غور کرنا چاہیے۔

رسولِ اکرم ﷺ کی محبت کا تقاضا صرف زبان سے درود پڑھنا نہیں؛ آپ ﷺ کی پسندیدہ صفات کو اپنی شخصیت میں پیدا کرنا بھی ہے۔ سچائی، امانت، عدل، رحم، سخاوت، صبر، شکر، عفو، حسنِ اخلاق اور انسانوں کے ساتھ محبت، یہی وہ چراغ ہیں جو سیرتِ رسول ﷺ ہمارے ہاتھ میں دیتی ہے۔ اور شاید آج کی دنیا کو انہی چراغوں کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ حضرت محمد ﷺ کسی ایک قوم، علاقے یا زمانے کے لیے نہیں آئے تھے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات میں پوری انسانیت کے لیے خیر، رحمت اور رہنمائی موجود ہے۔ اسی لیے سیرتِ رسول ﷺ آج بھی دنیا کے ہر اس انسان کے لیے اہم ہے جو ایک بہتر، عادل اور پُرامن معاشرے کا خواب دیکھتا ہے۔

میلادِ رسول ﷺ اگر ہمیں محبت سکھاتا ہے تو وہ محبت عمل بھی مانگتی ہے۔ اگر ہمیں درود پڑھنا آتا ہے تو ہمیں دروغ سے بھی بچنا ہوگا۔ اگر ہمیں نعت پڑھنا آتا ہے تو ہمیں نفرت سے بھی بچنا ہوگا۔ اگر ہمیں رسولِ اکرم ﷺ سے محبت ہے تو ہمیں ان کے اخلاق کو بھی اپنی زندگی میں جگہ دینی ہوگی۔ تب ہی میلاد کا چراغ ہمارے گھروں سے نکل کر ہمارے کردار، ہمارے معاشرے اور پوری دنیا کو روشن کر سکے گا۔

آج ربیع الاول کے اس مبارک موقع پر ہمیں اپنے دل میں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم رسولِ اکرم ﷺ کی سیرت کو صرف کتابوں میں نہیں بلکہ اپنے کردار میں زندہ رکھیں گے۔ ہم کسی کو تکلیف نہیں دیں گے۔ ہم کمزور کا سہارا بنیں گے۔ ہم اختلاف میں بھی اخلاق کا دامن نہیں چھوڑیں گے۔ ہم علم حاصل کریں گے۔ ہم سچ بولیں گے۔ ہم معاف کرنا سیکھیں گے۔ اور اپنے عمل سے دنیا کو بتائیں گے کہ حضرت محمد ﷺ سے محبت صرف ایک جذباتی نسبت نہیں بلکہ ایک مکمل اخلاقی ذمہ داری ہے۔

علامہ اقبال نے اسی حقیقت کو کس خوبصورتی سے بیان کیا ہے،
قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کردے۔ دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کردے

آئیے! اس ربیع الاول میں ہم صرف اپنے گھروں کو چراغاں نہ کریں، اپنے کردار کو بھی روشن کریں۔ صرف محفلیں نہ سجائیں، اپنے دل بھی سجائیں۔ صرف نعتیں نہ پڑھیں، سیرت کو بھی پڑھیں۔ اور صرف محبت کا اظہار نہ کریں، محبتِ رسول ﷺ کو اپنی زندگی کا عمل بنا دیں۔ کیونکہ جب سیرتِ محمد ﷺ ہمارے کردار میں اترے گی، تب ہی واقعی، دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا ہوگا۔

☆☆☆☆☆

# ممبئی میں جشنِ میلاد النبیؐ اور تاریخی جلوسِ محمدی کی داستان

## جامع مسجد سے خلافت ہاؤس تک ایک صدی پرانی روایت، تاریخ کے اوراق میں محفوظ یادیں اور کچھ تشنۂ جواب سوالات

جاوید جمال الدین



ممبئی کی تہذیبی اور سماجی تاریخ مختلف مذاہب، زبانوں، ثقافتوں اور روایات کے باہمی میل جول سے تشکیل پاتی رہی ہے۔ اس شہر کی یہی کثیر الثقافتی شناخت اسے ہندوستان کے دوسرے شہروں سے ممتاز کرتی ہے۔ مذہبی تہوار ہوں، قومی تحریکیں ہوں، سماجی اصلاح کی کوششیں ہوں یا عوامی اجتماعات، ممبئی نے ہمیشہ مختلف طبقات کو اپنے دامن میں جگہ دی ہے۔ جشنِ میلاد النبی ﷺ بھی اسی شہر کی ایک ایسی مذہبی اور سماجی روایت ہے، جس کی جڑیں ایک صدی سے زیادہ پرانی تاریخ میں پیوست دکھائی دیتی ہیں۔

ہر سال ربیع الاول کا مہینہ آتے ہی ممبئی کے مختلف علاقوں میں محافلِ میلاد، نعت خوانی، درود وسلام اور دیگر مذہبی اجتماعات کا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ پھر ایک دن ایسا بھی آتا ہے جب شہر کی سڑکوں پر جلوسِ محمدی ﷺ کا منظر دکھائی دیتا ہے۔ مختلف علاقوں سے آنے والے افراد، مذہبی تنظیمیں، نوجوان، نعت خواں، سماجی کارکن اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ اس جلوس میں شریک ہوتے ہیں۔ سجی ہوئی گاڑیاں، ٹرک اور ٹیمپو، ان پر درج مذہبی و اخلاقی پیغامات، درود وسلام کی صدائیں اور راستے میں پانی، شربت اور دیگر اشیاء کی سبیلیں اس روایت کو ایک وسیع عوامی رنگ عطا کرتی ہیں۔

لیکن ممبئی کے جلوسِ میلاد النبی ﷺ کی تاریخ صرف موجودہ منظرنامے تک محدود نہیں۔ اس کے پیچھے ایک ایسا تاریخی سفر ہے جس میں جامع مسجد ممبئی، خلافت کمیٹی، خلافت ہاؤس، تحریکِ خلافت، قومی تحریک، ہندو مسلم اتحاد، صحافت اور شہر کی مشترکہ تہذیب کے کئی ابواب ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ اس روایت کے آغاز کے بارے میں ایک معروف بیانیہ موجود ہے، مگر حالیہ تحقیقی کوششوں نے اس کے بعض پہلوؤں پر سوال بھی اٹھائے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس تاریخ کو جذبات کے بجائے دستاویزات، اخباری ریکارڈ اور دستیاب تاریخی شواہد کی روشنی میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔

جامع مسجد: مذہبی اور علمی سرگرمیوں کا قدیم مرکز

ممبئی کی جامع مسجد کی تاریخ شہر کی مسلم تہذیبی زندگی سے گہری وابستگی رکھتی ہے۔ یہ مسجد محض نماز اور عبادت کی جگہ نہیں رہی بلکہ دینی تعلیم، علمی سرگرمیوں، مذہبی اجتماعات اور سماجی رابطوں کا بھی اہم مرکز رہی ہے۔

روایات کے مطابق جامع مسجد کے موجودہ مقام کے اطراف اٹھارہویں صدی میں باغات اور کھلی زمین موجود تھی اور یہاں ایک بڑا حوض بھی تھا۔ یہ زمین ایک کوکنی مسلمان تاجر سے منسوب کی جاتی ہے، جو گوا اور کالی کٹ کے ساتھ تجارت کرتا تھا۔ مسجد کی تعمیر کے سلسلے میں رضامندی کے وقت یہ شرط بھی سامنے آئی کہ وہاں موجود ٹینک کو ختم نہیں کیا جائے گا۔ یوں وقت کے ساتھ یہ مقام ممبئی کی قدیم مسلم تہذیب اور مذہبی زندگی کی ایک نمایاں علامت بن گیا۔

جامع مسجد سے وابستہ علما اور ائمہ کے علمی روابط بھی وسیع رہے۔ امام احمد رضا محدث بریلویؒ کے جامع مسجد کے علما سے تعلقات کا ذکر ملتا ہے۔ 1315ھ میں جامع مسجد کے امام و خطیب اور مدرسہ محمدیہ کے صدر المدرسین مولانا محمد عبیداللہؒ کے انتقال پر امام احمد رضا نے عربی زبان میں ایک تاریخی اور درد انگیز نظم بھی تحریر کی تھی۔ مولانا عبیداللہ نے علمِ غیب کے موضوع پر تنبیہ الغفول عن علم غیب الرسول نامی رسالہ بھی تحریر کیا تھا۔

اسی علمی روایت میں مولانا محمد محسن فقیہ شافعیؒ کا نام بھی اہم ہے، جو جامع مسجد و مدرسے کے امام اور صدر مدرس رہے۔ بعد میں وہ پاکستان تشریف لے گئے اور وہاں دینی و علمی خدمات انجام دیں۔ فقہِ شافعی کے موضوع پر ان کی اردو کتاب زادِ آخرت بھی معروف ہے۔

یہ تمام حوالہ جات اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ جامع مسجد ممبئی میں مذہبی سرگرمیاں کسی محدود دائرے تک نہیں تھیں بلکہ یہ شہر کی مسلم علمی اور سماجی زندگی کا ایک وسیع مرکز تھی۔ اسی پس منظر میں یہاں جشنِ میلاد النبی ﷺ کی قدیم روایت کا ذکر بھی ملتا ہے۔

تحریکِ خلافت اور خلافت ہاؤس کا ظہور

بیسویں صدی کے آغاز میں ہندوستان سیاسی تبدیلیوں کے ایک بڑے دور سے گزر رہا تھا۔ پہلی جنگِ عظیم، سلطنتِ عثمانیہ کے مستقبل، برطانوی استعمار اور ہندوستان کی آزادی کے سوالات نے سیاسی منظرنامے کو نئی شکل دی۔ اسی ماحول میں تحریکِ خلافت ابھری، جس نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک بڑے سیاسی پلیٹ فارم پر جمع کیا۔

مولانا محمد علی جوہر، مولانا شوکت علی اور دیگر رہنماؤں نے تحریکِ خلافت کو منظم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ مہاتما گاندھی کی حمایت نے اس تحریک کو ہندوستان کی وسیع تر قومی سیاست سے جوڑ دیا اور ایک ایسے دور میں ہندو مسلم اتحاد کی مثال سامنے آئی جب آزادی کی جدوجہد کے لیے مشترکہ پلیٹ فارم بنانے کی کوشش کی جارہی تھی۔

ممبئی میں خلافت کمیٹی کا قیام اور اس کی سرگرمیاں اسی تاریخی پس منظر کا حصہ تھیں۔ جنوبی ممبئی کے بائیکلہ، مجگاؤں اور اطراف کے علاقوں میں خلافت ہاؤس ایک اہم سیاسی وسماجی مرکز بن گیا۔ یہاں قومی تحریک سے وابستہ افراد آتے، اجلاس ہوتے، مشاورت ہوتی اور مسلمانوں کے اجتماعی مسائل کے ساتھ ساتھ ملک کی آزادی سے متعلق معاملات پر بھی غور کیا جاتا۔

وقت گزرنے کے ساتھ خلافت ہاؤس کی شناخت صرف تحریکِ خلافت تک محدود نہیں رہی۔ یہ مسلمانوں کے اجتماعی معاملات، سماجی سرگرمیوں اور مذہبی اجتماعات کا بھی مرکز بنتا گیا۔ اسی وسیع پس منظر میں جشنِ میلاد النبی ﷺ کے جلوس کا تعلق بھی خلافت ہاؤس سے جوڑا جاتا ہے۔

(جاری)

# ساری مخلوقات کی اجتماعی عید

الحاج، مفتی محمد شمس تبریز تابش علیمی



اللہ تعالیٰ ایک ہے پاک اور بے عیب ہے۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اس نے خود فرمایا: "تم فرماؤ وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی"۔ (سورۂ اخلاص، آیت: ۱،۴) اس نے جب اپنی ربوبیت کا اظہار چاہا اور کائنات کی تخلیق مقصود ہوئی تو فرمایا: "ہوجا" پھر کیا تھا سارا عالم عدم سے وجود میں آگیا۔ عالم یعنی دنیا اٹھارہ ہیں۔ اور ہر ایک عالم میں اس قدر کثیر مخلوقات ہیں جو حد و شمار سے باہر ہیں۔ صرف اس فرش گیتی پر رہنے والی مخلوقات کے متعلق معلومات حاصل کرنے والوں کی ساری زندگیاں ختم ہوجاتی ہیں مگر چند مشہور و معروف مخلوق کی حقیقت تک کما حقہ رسائی نہیں ہو پاتی ہے۔ امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ "فتاویٰ رضویہ" ج۲۹، ص:۲۵۳، پر ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں: "عالم اٹھارہ ہیں اور ہر ایک میں کثرتِ مخلوقات کے سبب اسے ہزار سے تعبیر کیا۔ تینوں موالید جمادات، نباتات، حیوانات اور چاروں عناصر اور سات آسمان اور فلک ِ ثوابت، فلک اطلس، کرسی، عرش"۔ فتاویٰ رضویہ کی مذکورہ عبارت کی روشنی میں یہ بات بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ کل دنیا اٹھارہ ہیں۔ اور ہر ایک عالم یعنی دنیا میں اللہ تعالیٰ کی بے شمار، انگنت مخلوقات ہیں۔ جس کا صحیح علم اللہ عزوجل اور اس کی عطا سے رسول کریم ﷺ کو ہی ہے۔ اس آسمان کے نیچے اور زمین کے اوپر رہنے والی مخلوقات کا مشاہدہ کیا جائے تو یہ بات سورج کی روشنی سے بھی زیادہ روشن ہوجاتی ہے کہ اللہ رب العزت کی تخلیق کردہ جملہ مخلوقات کے حقائق سے باخبر ہونا ناممکن ہے۔

عصر حاضر میں سائنسدانوں نے وہم وگمان سے زیادہ ترقی کی ہیں۔ ہر طرف سائنس (Science) اور سائنسٹ (Scientist) کی ترقیوں کا چرچا ہو رہا ہے۔ جدید ذرائع ابلاغ وغیرہ کی ایجادات اور خشکی وتری میں پیدا ہونے والی اشیاء پر نئی نئی تحقیقات اس بات کی غمازی کررہی ہیں کہ واقعی آج سائنس (Science) نے ناقابل انکار ترقیاں کی ہیں۔ ان تمام ترقیوں کے باوجود اب تک سائنس داں چند محدود اشیاء کو چھوڑ کر اللہ عزوجل کی بہت سی مخلوقات کے حقائق سے بے خبر ہیں۔ زمین سے کھود کر نکالی جانے والی کانی اور معدنی اشیاء جسے جمادات کہا جاتا ہے۔ صرف جمادات پر ریسرچ (Research) کیا جائے تو نہ جانے کتنے سالوں کی کدوکاوش کے باوجود چند چیزوں کے حقائق سے بھی اچھی طرح واقفیت نہیں مل پائے گی۔ پھر نباتات کا اندازہ کون لگا سکتا ہے۔ بس یہی کہنا پڑے گا کہ جس نے کائنات پیدا کی ہے وہی بہتر جانتا ہے۔ یا اس کے عطا کردہ علم سے میرے نبی ﷺ واقفیت رکھتے ہیں۔ حیوانات کی دنیا بھی عجیب وغریب ہے۔ برّی اور بحری حیوانات پر غور کیا جائے تو ہر کوئی یہی بولے گا کہ بے شمار حیوانات ہیں۔ حشرات الارض کے متعلق تحقیق کرنے والے یہی بولیں گے کہ کیڑے مکوڑے ہی لاکھوں کی تعداد میں ہوں گے۔ ظاہر سی بات ہے کہ جب اللہ رب العزت نے اٹھارہ عالم پیدا فرمایا ہے تو اس میں بے شمار مخلوقات بھی ہوں گی جس کا درست اور صحیح علم اللہ رب العالمین اور اس کے نبی رحمۃ للعالمین کو ہی ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سب سے پہلے رب الارباب عزوجل نے کس کی تخلیق فرمائی؟ اس سلسلے میں امام عبدالرزاق نے اپنے مُصنّف میں سندِ صحیح سے حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ایک روز حضور ﷺ سے عرض کی، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، مجھے یہ بتائیں کہ وہ کون سی چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے تمام چیزوں سے پہلے پیدا فرمایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے جابر! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔ پھر قدرت الٰہیہ سے جہاں اللہ تعالیٰ کو منظور تھا سیر فرماتا رہا، اس وقت نہ لوح وقلم تھا نہ جنت ودوزخ تھی، نہ فرشتے تھے نہ زمین وآسمان، نہ چاند وسورج اور نہ ہی جن و انس تھے۔ پھر جب خدائے تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمانے کا ارادہ کیا تو اس نور میں شعاعیں در شعاعیں بڑھتی گئیں اور وہ مزید شعاعوں میں تقسیم ہوتی گئیں۔ یعنی پہلے نور کے چار حصے کیے گئے، پہلے سے قلم دوسرے سے لوح تیسرے سے عرش چوتھے کے چار حصے کیے وغیرہ وغیرہ۔ یہاں تک کہ کائنات کا وجود ظاہر ہوگیا۔ (الیٰ آخر الحدیث، مواہب لدنیہ، ج:۱، ص۹، شرح زرقانی، ج:۱ص:۴۶، فتاویٰ حدیثیہ ابن حجر مکی، ص:۵۱، مدارج النبوۃ، ج:۱ص:۳۰۹)۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا، میں اللہ کے نور سے ہوں اور ساری مخلوقات میرے نور سے ہے"۔ (مدارج النبوۃ، مطالع المسرات) ثابت ہوا کہ نبی اکرم ﷺ اصل کائنات ہیں اور جملہ عوالم آپ کے نور کا جلوہ ہیں۔ عاشق رسول امام احمد رضا فاضل بریلوی نے اسی کی طرف اشارہ اپنے اس شعر میں کیا ہے:

یہی ہے اصل عالم مادۂ ایجاد خلقت کا
یہاں وحدت میں برپا ہے عجب ہنگامہ کثرت کا

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

کیا شانِ احمدی کا چمن میں ظہور ہے
ہر گل میں ہر شجر میں محمد کا نور ہے

اس روئے زمین پر جتنے بھی انسان ہیں چاہے جس مذہب، دھرم، ذات، برادری سے تعلق رکھتے ہوں ہر قوم وملت کے لوگ سال میں چند مخصوص دن اپنے اپنے طور طریقے اور رسم ورواج کے مطابق تہوار مناتے ہیں۔ جس میں بوڑھے، بچے، جوان، مرد وعورت ہر کوئی خوشیوں کا اظہار کرتے ہیں۔ پوری دنیا میں کچھ خاص دن مقرر ہیں جس میں عید منائی جاتی ہے۔ ہر قوم کی عید الگ الگ اور مختلف رسوم ورواج سے مزین ہوا کرتی ہے۔ اسی طرح ہر ملک اور ہر برادری کے لئے علاحدہ تہوار ہیں۔ صرف انسانوں کی بات کی جائے تو ان کے یہاں سال میں کئی طرح کے تہوار منائے جاتے ہیں۔ یہودی، عیسائی، کرسچن، بدھ مت، جین، پارسی اور مسلم وغیر مسلم کے عید منانے کے جداگانہ طریقے ہیں۔ ذاتی تہوار اور عید میں صرف اسی ذات ومذہب کے لوگ شریک بزم ہوتے ہیں۔ لیکن کچھ تہوار وطنی اور قومی ہوتے ہیں جیسے بھارت میں یوم آزادی وغیرہ کی تقریب ایسے موقع پر کسی خاص ذات، برادری والے نہیں بلکہ جملہ برادرانِ وطن کی شرکت ہوا کرتی ہے۔ یہ بات ہر عام وخاص بخوبی جانتے اور مانتے ہیں کہ ہر کسی کی ایک عید ہوا کرتی ہے جس میں اس مذہب سے تعلق رکھنے والے دل کھول کر خوشیاں مناتے اور دوست واحباب کو شریک بھی کرتے ہیں۔ لیکن کسی نے کبھی اس بات پر غور کیا کہ انسان کی طرح کیا جنات بھی تہوار اور عید مناتے ہیں، اسی طرح حیوانات وجمادات اور نباتات بھی اپنے اپنے طور طریقے اور رسم ورواج کے مطابق آپسی خوشیاں مناتے ہیں یا نہیں؟ جنات کی بات کریں تو چوں کہ جن وانس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت وریاضت کے لئے پیدا کیا ہے۔ جس طرح انسانوں پر شرعی احکام کی بجا آوری لازم وضروری ہے اسی طرح جنات بھی اس کے مکلف ہیں۔ تو اس سے ظاہر ہوا کہ انسانوں کی طرح جنات بھی نماز، روزے، دیگر عبادات بجالاتے ہیں تو عید بھی مناتے ہی ہوں گے۔ اللہ کی پیدا کردہ جتنی بھی مخلوقات ہیں وہ سب اپنی زبانوں میں رب کی تسبیح پڑھا کرتی ہیں۔ قرآن مقدس کی کئی آیات اس کی وضاحت کر رہی ہیں کہ زمین وآسمان میں جو کچھ ہیں وہ سب اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ سورۂ بنی اسرائیل، آیت: ۴۴/ میں ہے: "اس کی پاکی بولتے ہیں ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی ان میں ہیں اور کوئی چیز نہیں جو اسے سراہتی ہوئی اس کی پاکی نہ بولے ہاں تم ان کی تسبیح نہیں سمجھتے بیشک وہ حلم والا بخشنے والا ہے"۔ اس آیت سے یہ معلوم ہوا کہ کہ ساتوں آسمان اور زمین اوران میں بسنے والی ساری مخلوقات اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا اور تسبیح وتقدیس میں مشغول ہیں اور یہ تسبیح دونوں طرح ہے، زبانِ حال سے بھی اور وہ اس طرح کہ تمام مخلوقات کے وجود اپنے صانع یعنی بنانے والے کی قدرت وحکمت پر دلالت کرتے ہیں اور یہ تسبیح زبانِ قال سے بھی ہے۔ (روح البیان، ملخصاً بحوالہ صراط الجنان)

قرآن مقدس کی آیتوں میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ساری کائنات اللہ رب العزت کی تسبیح وتحمید میں ہر لحظہ مشغول ہے۔ مفسرین نے لکھا ہے کہ دروازہ کھولنے کی آواز اور چھت کا چٹخنا یہ بھی تسبیح کرنا ہے اور ان سب کی تسبیح "سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ" ہے۔ تو اس سے یہ بھی سمجھ میں آیا کہ جسے ہم بغیر زبان والی اشیاء سمجھتے ہیں درحقیقت اس کے اندر بھی زبان ہے جسے ہم نہیں سمجھ سکتے۔ حیوانات، جیسے کہ چرندے، درندے، پرندے وغیرہ یہ سب قوت نطق رکھتے ہیں اور ہم انسان ان کی بولیاں سنتے بھی ہیں مگر کیا ان کی آپسی باتیں سمجھ سکتے ہیں نہیں نا! مذکورہ اقتباس سے یہ بات بھی آفتاب نیم روز سے زیادہ روشن ہوگئی کہ زمین وآسمان اور اس کے درمیان کی ساری مخلوقات زبان قال وحال رکھتی ہیں مگر ہماری عقلیں اس کے فہم وادراک سے قاصر ہیں۔ ان حقائق کی روشنی میں یہ سمجھ میں آتا ہے کہ جن وانس کی طرح دوسری مخلوقات بھی اپنے اپنے انداز میں تہوار اور عید مناتے ہوں گے اور اس میں خوشیوں کا اظہار کرتے ہوں گے۔

جملہ مخلوقات کی اجتماعی عید: تاریخ وسیر کے مطالعے سے یہ حقیقت آشکار ہوجاتی ہے کہ اس دنیا میں ایک ایسا دن وتاریخ بھی رونما ہوا ہے جس میں کسی خاص طبقے یا معاشرے، مذہب ودھرم اور کسی مخصوص ذات، برادری کے لوگوں نے تنہا خوشیوں کا اظہار نہیں کیا بلکہ اس میں فرشتے، انسان، جنات، لوح وقلم، جنت ودوزخ، عرش وکرسی، آسمان وزمین، حد تو یہ ہے کہ جمادات ونباتات، حیوانات غرض کہ سارے عالم کی جملہ مخلوقات نے مشترکہ اور اجتماعی طور پر عید منائی ہیں۔ آخر وہ کونسی تاریخ اور کون سا دن ہے اور اس دن کی خصوصیات کیا ہیں کہ جس دن ساری مخلوقات نے خوشیوں کا اظہار کیا اور تا قیام قیامت یہ عید اجتماعی طور پر منائی جاتی رہے گی؟ آخر وہ کونسی عید تھی جس کو پوری کائنات نے مل کر ایک ساتھ منایا بلکہ خالق کائنات نے بھی اس خوشی اور عید کو منایا، ویسی خوشی اس سے پہلے کبھی نہیں منائی گئی۔ قارئین! وہ ہے عیدوں کی عید یعنی پیغمبر اسلام، تمام نبیوں کے سردار، محبوبِ پروردگار، شفیع روز شمار کی پیدائش کی خوشی، وہ ہے میلاد النبی کی خوشی۔ اور یہی وہ انوکھی، نرالی، شان وشوکت والی عید کہ جس پر اٹھارہ عالم کی ساری مخلوقات نے خوشیوں کا اظہار کیا اور جس دن سب نے مشترکہ طور پر عید منایا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب مجھ پر پہلی وحی نازل ہوئی، میں نے عرض کیا یا اللہ تو نے مجھے کس لئے پیدا فرمایا؟ ارشاد ہوا: "اگر آپ نہ ہوتے تو میں اپنی زمین اور آسمان کو پیدا نہ کرتا"۔ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم اگر آپ کو پیدا نہ کرتا تو میں اپنی جنت اور دوزخ نہ بناتا"۔ ابن عساکر نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے فرمایا محمد مصطفیٰ ﷺ نے مجھ پر وحی بھیجی گئی، ارشاد باری ہوا: "میں نے دنیا اور اہل دنیا کو اس لئے پیدا فرمایا کہ جو قدر و منزلت آپ کی میرے ہاں ہے، میں اسے ظاہر کروں، آپ نہ ہوتے تو دنیا کو پیدا نہ کرتا"۔ (دیلمی، نزہۃ المجالس، بحوالہ شرح حدائق بخشش، ج۴، ص۲۶۵/۲۶۶، ملخصاً) ان سب سے معلوم ہوا کہ اگر اللہ تعالیٰ نبی کائنات ﷺ کو پیدا نہ فرماتا تو ذرہ بھر کو بھی عالم وجود میں نہ لاتا، دنیا واہل دنیا، جنت ونار کی تخلیق آپ ہی کے باعث ہوئی ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ نے کیا خوب لکھا ہے:

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام
وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے
زمین وزماں تمہارے لئے مکین ومکاں تمہارے لئے
چنین وچناں تمہارے لئے بنے دوجہاں تمہارے لئے

"دلائل النبوۃ" میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جس شب نبی کریم ﷺ کا نورِ نبوت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی پشت اقدس سے حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کے بطن مقدس میں منتقل ہوا، روئے زمین کے تمام چوپایوں خاص کر قریش کے جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے گویائی عطا فرمائی اور انہوں نے فصیح وبلیغ اعلان کیا کہ آج اللہ رب العزت کا وہ مقدس رسول شکم مادر میں جلوہ گر ہوگیا جس کے سر پر تمام دنیا کی امامت کا تاج ہے اور جو سارے عالم کو روشن کرنے والا چراغ ہے۔ پورب کے جانوروں نے پچھم کے جانوروں کو اسی طرح سمندروں اور دریاؤں کے جانوروں نے ایک دوسرے کو یہ خوشخبری سنائی کہ مبارک ہو مبارک ہو آخری نبی ﷺ کی ولادت با سعادت کا وقت قریب آگیا ہے۔ (زرقانی علی المواہب ج۱ص:۱۰۸، مواہب لدنیہ، ج۱ص۶۲، بحوالہ سیرت مصطفیٰ ملخصاً) خطیب بغدادی کی روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ جب حضور ﷺ پیدا ہوئے تو میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑی بدلی آئی جس میں روشنی کے ساتھ گھوڑوں کے ہنہنانے اور پرندوں کے اُڑنے کی آواز تھی اور کچھ انسانوں کی بولیاں بھی سنائی دیتی تھیں۔ پھر ایک دم حضور ﷺ میرے سامنے سے غیب ہوگئے اور میں نے سنا کہ کوئی اعلان کر رہا ہے کہ محمد (ﷺ) کو مشرق ومغرب میں گشت کراؤ اور سمندروں کی بھی سیر کراؤ تا کہ تمام کائنات کو ان کا نام، حلیہ، ان کی صفت معلوم ہوجائے اور ان کو تمام جاندار مخلوق یعنی جن وانس، ملائکہ اور چرندوں و پرندوں کے سامنے پیش کرو اور انہیں تمام انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے کمالات واخلاق حسنہ سے مزین کردو"۔ (مواہب لدنیہ مع شرح الزرقانی، ج۱ص:۲۱۲/۲۱۵، بحوالہ سیرت مصطفیٰ ملخصاً) تواریخ وسیر کی روایات شاہد ہیں کہ آپ کی ولادت کے وقت حورانِ بہشتی جائے ولادت پر موجود تھیں، فرشتوں کی جماعت صف باندھے باادب کھڑی تھی۔ ساری مخلوقات ایک دوسرے کو مبارک بادپیش کررہی تھیں۔ اور ایسا ہو بھی کیوں نہ؟ کیونکہ وہ نبی برحق ساری کائنات کے لئے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ جو رتوں کو ہنسانے والے، بھوکوں کو کھلانے والے، ننگوں کا ستر چھپانے والے، گالیاں دینے اور مظالم کا پہاڑ ڈھانے والوں کو دعائیں دینے والے ہیں۔

رضائے مصطفیٰ میں ہی رضائے کردگار ہے
"نبی سے جس کو پیار ہے وہ شخص پُروقار ہے"
زمیں زماں مکیں مکاں میں جتنا بھی نکھار ہے
طفیلِ شاہِ دوسرا سجا یہ گُل دیار ہے
ولادتِ نبی کے صدقے ہر طرف بہار ہے
ضیا ملی ہے شمسؔ کو گلاب مشکبار ہے
(شمس تابش علیمی، ارریہ، بہار)

پیر کے دن ۱۲/ ربیع الاول، مطابق ۲۰/ اپریل ۵۷۱ء کو ساری مخلوقات کے نبی سارے عالم کے لئے رحمت بن کر مکہ شریف میں تشریف لائے۔ نبی رحمت ﷺ کے آنے سے پہلے دنیا میں بے شمار برائیاں تھیں۔ بچیوں کو زندہ درگور کردیا جاتا تھا۔ بیوہ عورتوں سے سماج میں زندگی گزارنے کا حق چھین لیا گیا تھا۔ پوری دنیا میں بچیوں اور بیوہ عورتوں کو منحوس سمجھا جاتا تھا۔ باپ کے انتقال کے بعد ماں سے بہت ہی بُرا سلوک کیا جاتا تھا۔ پیغمبر اسلام ﷺ نے بچیوں اور عورتوں کو معاشرے میں وہ مقام دیا ہے جو کسی نے بھی نہیں دیا تھا۔ انگریزوں، یہودیوں اور غیر مسلم اہل علم نے اپنی کتاب میں اس بات کا اعتراف کیا ہے۔ لہٰذا بارہ ربیع الاول کی تاریخ صرف سنی مسلمانوں کے لئے تہوار اور عید نہیں بلکہ یہ ساری مخلوقات کی مشترکہ اور اجتماعی عید ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو ہدایت اور فہم وفراست عطا فرمائے۔ آمد وجہ تخلیق کائنات کے صدقے پوری دنیا خاص کر بھارت میں رہنے والوں کے درمیان محبت، مروت، اخوت وصداقت، بھائی چارہ قائم فرمائے۔ آمین۔

stabrezalimi786@gmail.com

